© rasailojaraid.com


ناشر: اسلامک بک سینٹر مرکارم نگر، پرولیا لکھنؤ

عالم گیر سیاسی خلفشار کے اس لبریز پُر فتن دور میں جو مسائل بین الاقوامی حیثیت اختیار کر چکے ہیں ان میں مسئلۂ تحدید نسل انسانی ایک نمایاں ترین درجہ رکھتا ہے۔ جس نے فیملی پلاننگ کے نام سے زبردست شہرت حاصل کی ہے۔ یورپ وامریکہ نے اسے اپنے مکروہ مقاصد کے تحت سیاست کے چور دروازوں سے ایشیائی ممالک میں درآمد کیا ہے، اور اس طرح بعض مذہبی اقدار کو زک پہنچانے کی بھرپور تدابیر اختیار کی ہیں، طبقۂ علماء میں سے بعض نے ضبط ولادت کے سلسلہ میں ایسے مضامین اور کتابیں بھی لکھی ہیں جن سے اس کے شرعی جواز بھی نکلتے ہیں۔ لیکن علماء کرام کی اکثریت تاحال اس کے خلاف رائے رکھتی ہے۔ اور فیملی پلاننگ کے مروجہ نظام کو سراسر غیر اسلامی قرار دیتی ہے۔ مولانا محمد عبید اللہ صاحب نے خاصی کاوش وکاوش سے نظریۂ تحدید نسل کے رد میں یہ کتاب مرتب کی ہے۔ اس کے مقدمہ میں مولانا محمد برہان الدین سنبھلی استاذ دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ نے تحریر فرمایا ہے۔ کہ عزیز موصوف (مصنف) نے اپنی اس کتاب میں مسئلۂ زیر بحث کے تمام گوشوں کو خوب واضح اور منقح کر کے پیش کر دیا ہے۔

مولانا سنبھلی صاحب کی اس رائے سے ہم بھی صاحب کتاب کی محنت وعرق ریزی کی حد تک متفق ہیں، تاہم یہ مسئلہ اتنا نازک ہے کہ اس کے بہت سے گوشے آج بھی بحث طلب ہیں، اور محققین کو دعوت غور وفکر دے رہے ہیں، لیکن بلاشبہ مولانا محمد عبید اللہ صاحب کی یہ کتاب اس لائق ہے کہ اسے اپنے موضوع کی اہم ترین کتابوں میں شامل کیا جائے۔

## "دارالعلوم دیوبند کی ایک صدی کا علمی سفرنامہ"

مرتب: مولانا محمد اسلام قاسمی سائز ۲۲×۱۸ / ۸ صفحات ۱۲۰، کاغذ عمدہ، کتابت وطباعت متوسط، غیر مجلد قیمت ۵۰/۲


© rasailojaraid.com